USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of veterinary & Animal Sciences Lahore

Dairy and Rural Development Foundation

# ادویات




ڈیری پراجیکٹ

**DAIRY PROJECT**

# چند اہم ادویات

***Disclaimer***

*This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.*

ISBN : 978-969-9170-10-2

نظرثانی شدہ طباعت

اشاعت زیراہتمام

# ڈیری پراجیکٹ

## چند اہم ادویات

مصنفہ: ڈاکٹر ثوبیہ ناہید

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

بشکریہ : یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز

معاشرتی ودیہی ترقی بذریعہ لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ وقرضہ جات (پراجیکٹ)

ایڈیٹر : شاذیہ اسلام

اس کتابچے کی کسی بھی قسم کی خرید و فروخت اور ترسیل

ادارے کی پیشگی اطلاع اور مرضی سے کی جا سکتی ہے۔

DRDF Dairy Project Office (PMU)

Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,

The Mall of Lahore, Cantt Lahore.

PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344

www.dairyproject.org

info@dairyproject.org

## فہرست


| نمبرشمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| -1 | اینٹی بائیوٹک | 05 |
| -2 | چند اہم اینٹی بائیوٹک | 06 |
| -3 | وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کے معالجی بیگ کی چند اہم ادویات اور ان کا استعمال | 08 |
| -4 | ابتدائی طبّی امداد سے کیا مُراد ہے! | 14 |
| -5 | ابتدائی طبّی امداد کی اہمیت | 14 |
| -6 | ابتدائی طبّی امداد کے لیے ضروری ہدایات | 15 |
| -7 | دوائی یا زہر کے منفی ردّعمل کو روکنے کے لیے ہدایات | 16 |
| -8 | اوزاروں کو جراثیم سے پاک کرنا | 17 |
| -9 | گھریلو سطح پر ادویات کا اندازاً وزن کرنا | 17 |

ڈیری اینڈ رورل ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن



# کتابچے کے مقاصد

اس کتابچے کا مقصد یہ ہے کہ تربیت کے بعد میٹرک پاس یا اس کے مساوی تعلیم یافتہ خواتین اس قابل ہو جائیں کہ وہ،

1- چند بنیادی ادویات اور ان کا صحیح استعمال سیکھ سکیں۔
2- حادثاتی صورت میں جانور کو ابتدائی طبّی امداد فراہم کر سکیں۔
3- معالجی بیگ میں موجود ادویات اور آلات کا بہتر طریقے سے بروقت استعمال کر سکیں۔



## اینٹی بائیوٹک

ادویات کا یہ گروپ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اینٹی بائیوٹک وہ ادویات ہیں جو جسم کے اندر بیماریاں پیدا کرنے والے جراثیموں (بیکٹیریا) کا خاتمہ کرتی ہیں۔

بیکٹیریا دو طرح کے ہوتے ہیں :



1- گرام منفی 2- گرام مثبت

بیکٹیریا کی اقسام کے لحاظ سے انہیں ختم کرنے والی اینٹی بائیوٹک بھی دو طرح کی ہوتی ہیں :

1- براڈ سپیکٹرم 2- شارٹ سپیکٹرم

### براڈ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹک

یہ ایسی اینٹی بائیوٹک ہیں جو گرام منفی اور گرام مثبت دونوں طرح کے بیکٹیریا کو ختم کرتی ہیں۔

### شارٹ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹک

یہ محدود دائرہ اثر رکھنے والی اینٹی بائیوٹک ہیں، جو گرام مثبت یا گرام منفی کے خلاف اثر رکھتی ہیں۔





## چند اہم اینٹی بائیوٹک

اینٹی بائیوٹک بہت اقسام کی ہوتی ہیں، جن میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں :-

### آکسی ٹیٹرا سائیکلین

**خصوصیات**

یہ وسیع الاثر جراثیم کش دوا ہے۔ گرام مثبت اور گرام منفی دونوں بیکٹیریا ختم کرتی ہے۔ یہ ناک، منہ، کان، معدہ، آنتوں، تھن، حوانہ، رحم، گردے اور اعضائے تولید میں کارآمد ہے۔





### احتیاط

1- ورید میں ہرگز نہ لگائیں۔

2- چھوٹے جانوروں میں 5 ملی لٹر اور بڑے جانوروں میں 10 ملی لٹر سے زیادہ ایک جگہ پر نہ لگائیں۔ زیادہ خوراک کی صورت میں ایک سے زیادہ جگہوں پر لگائیں۔

### پینسلین

یہ ایک وسیع گروپ ہے جو بالخصوص گرام مثبت بیکٹیریا کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے خصوصاً نمونیا، بلیک لیگ،




خصی کرنے کے بعد زخم، پھنسی، پھوڑے، ناف، پاؤں کی عفونت اور گھوڑوں میں strangle کے لیے اکسیر ہے۔



### ایزوفلوکساسین

یہ براڈسپیکٹرم اینٹی بائیوٹک ہے، جو گرام مثبت اور منفی دونوں بیکٹیریا ختم کرکے بیماری کا خاتمہ کرتی ہے۔




### ٹائیلوسین

یہ گروپ بالخصوص نظامِ تنفس یعنی پھیپھڑوں اور سانس کے لیے کارآمد ہے۔

### اینٹی سپٹک

ایسی ادویات ہیں جو جسم کی بیرونی سطح سے جراثیموں کے خاتمے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں مثلاً پائیوڈین، میگنیشم سلفیٹ، پوٹاشیم پرمیگنیٹ (لال دوائی) وغیرہ۔

### احتیاط

1- دوائی ہمیشہ جسمانی وزن کے مطابق دیں۔

2- دوا کی خوراک کم یا زیادہ کرنے سے جانور کو نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

3- دوا ہمیشہ دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔







## لیڈی لائیوسٹاک ورکر کے معالجی بیگ کی چند اہم ادویات اور ان کا استعمال

| مسئلہ/ بیماری | دوا کا نام | دوا کی تصویر | چھوٹے جانور<br>بھیڑ/ بکری | بڑے جانور<br>گائے/بھینس | طریقہ |
|---|---|---|---|---|---|
| بدہضمی کے لیے | سٹامک پاؤڈر<br>یا<br>آلوی جسٹ |  | 50 گرام<br>آدھا پیکٹ | 100 گرام<br>پورا پیکٹ | منہ کے ذریعے |
| اندرونی کیڑوں کے خلاف | نلزان پلس |  | 50 ملی لِٹر سرنج میں ڈال کر دیں | 150 ملی لِٹر آٹے+گُڑ کی پنی میں ملا کر دیں | منہ کے ذریعے |
| | نوامیکس |  | 10 ملی لِٹر سرنج میں ڈال کر دیں | 70 ملی لِٹر آٹے+گُڑ کی پنی میں ملا کر دیں | |
| اپھارے کے خلاف دوا | میڈی اورل |  | آدھا ایمپیول<br>پانی میں<br>گھول کر | پورا ایمپیول<br>پانی میں<br>گھول کر | منہ کے ذریعے |
| منہ کُھر کی ویکسین | ایف ایم ڈی<br>ویکسین |  | 3-2 ملی لِٹر | 5 ملی لِٹر<br>ٹیکہ بھر کر<br>لگائیں | زیرِجلد |
| الرجی کے خلاف | میپرا سون |  | 5-4 ملی لِٹر | 25-20 ملی لِٹر | گردن کے<br>پٹھوں میں<br>لگائیں |




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طاقت کا ٹیکہ | وٹامن بی 12 |  | 5-4 ملی لٹر | 25-20 ملی لٹر | گردن کے پٹھوں میں لگائیں |
| چچڑوں اور جوؤں کے خلاف | آئیورمیکٹن |  | 0.5 ملی لٹر 30 کلوگرام کے لیے | 10-8 ملی لٹر 450-400 کلوگرام کیلئے | زیرِ جلد لگائیں |
| براڈ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹک | آکسی ٹیٹراسائیکلین |  | 4-3 ملی لٹر | 25-20 ملی لٹر | گردن کے پٹھوں میں لگائیں |
| | اینفلوکس |  | 4-3 ملی لٹر | 25-20 ملی لٹر | |
| بیکٹیریا کے خلاف | ٹرائموڈین |  | 4-3 ملی لٹر | 20-15 ملی لٹر | گردن کے پٹھوں میں لگائیں |
| اسہال کے خلاف | ڈائیروبان |  | ایک پیکٹ پانی میں گھول کر | 8-7 پیکٹ پانی میں گھول کر | منہ کے ذریعے |
| بخار کے خلاف | |  | | | گردن کے پٹھوں میں لگائیں |
| گل گھوٹو کی ویکسین | ایچ ایس ویکسین |  | استعمال نہیں کرتے | 5 ملی لٹر | زیرِ جلد لگائیں |



| ادویات اور آلات | | | استعمال |
|---|---|---|---|
| پائیوڈین | = |  | زخموں کو صاف کرنے کے لیے |
| ٹنکچر بینزائن کو | = |   | خون روکنے کے لیے |
| میگنیشیم سلفیٹ | = |   | قبض کشا |
| ٹیگافون | = |   | بیرونی کیڑوں کے خلاف |
| پوٹاشیم پرمیگنیٹ (لال دوائی) | = |   | بیرونی جراثیموں کے خلاف<br>بیرونی کیڑوں کے خلاف |



| ادویات اور آلات = | | استعمال |
|---|---|---|
| ایٹروپین سلفیٹ = |   | دوائی کا ردِّعمل روکنے کے لیے |
| فارسیپ (چمٹی) = |  | چیز پکڑنے مثلاً رُوئی کا گولا وغیرہ زخم کے کیڑے نکالنے کے لیے |
| قینچی = |  | کاٹنے کے لیے |
| سرنج 50 ملی لِٹر = |   | ٹیکہ لگانے کے لیے دوائی خاص طور پر کرم کش ادویات کی مقدار ناپنے اور پلانے کے لیے |
| سرنج 10 ملی لِٹر = |  | چھوٹے جانوروں میں ٹیکہ لگانے کے لیے |



| ادویات اور آلات = | | استعمال |
|---|---|---|
| 20 ملی لٹر = |  | چھوٹے / بڑے جانوروں میں ٹیکہ لگانے کے لیے |
| B.D سرنج = |  | گائے / بھینس میں ٹیکہ لگانے کے لیے |
| تھرمامیٹر = |  | درجۂ حرارت معلوم کرنے کے لیے |



## سوئیاں



16 گیج (سائز 1/2 انچ) = زیرِ جلد ٹیکہ لگانے کے لیے



16 گیج (سائز 3/4 انچ) = گوشت میں ٹیکہ لگانے کے لیے



پٹیاں 4 انچ = زخموں پر پٹی کرنے کے لیے



حفاظتی دستانے = ہاتھوں کو جراثیموں سے بچانے کے لیے



**یاد رکھیے!**

1- تمام ادویات لیبل پر دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔

2- دوائی کی خوراک ہمیشہ جانور کے وزن کو مدّنظر رکھتے ہوئے دیں۔

3- دوا کی میعادی تاریخ(expiry date) پڑھ کر استعمال کریں۔



نوٹ : پیچھے بتائی گئی یہ ادویات لیڈی لائیوسٹاک ورکر کے ابتدائی علم کے لیے دی گئی ہیں۔ مارکیٹ میں ان کی متبادل ادویات بھی موجود ہیں۔

## ابتدائی طبّی امداد سے کیا مُراد ہے!

اس سے مُراد ہے اچانک حادثے کی صورت میں جانور کی صحت کی فوری بحالی کے لیے امداد فراہم کرنا۔



## ابتدائی طبّی امداد کی اہمیت

تکالیف کے فوری علاج کے لیے ابتدائی طبّی امداد ضروری ہوتی ہیں۔ اِن تکالیف اور بیماریوں کا اگر بروقت سدّباب نہ کیا جائے تو مرض کی شدت میں اضافے کے علاوہ جانور کی موت واقع ہوسکتی ہے یا مرض کے علاج میں موجود پیچیدگیاں علاج کو مشکل اور طویل کر دیتی ہیں۔



1- ابتدائی طبّی امداد دینے والے شخص میں فوری فیصلہ کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

2- اِس کے علاوہ طبّی امداد سے متعلق علم اور معلومات رکھتا ہو۔

3- چاک وچوبند ہونا چاہیے۔

## طبّی امداد کے لیے ضروری ہدایات

1- حادثے کی نوعیت معلوم کریں۔

2- جانور کو آرام دہ حالت میں لائیں اور اُس کے اِردگرد مجمع لگانے سے گریز کریں۔



3- زخم سے خون کا زیادہ اخراج روکنے کے لیے جسم کے زخمی حصے کو آرام دہ حالت میں لائیں اور زخم والی جگہ پر پٹّی باندھ دیں۔

4- نتھنوں سے خون کا اخراج روکنے کے لیے سر پر برف باندھ دیں۔ اس کے بعد زخم کا علاج کریں۔

5- سانپ کے کاٹنے کے باعث زخم سے خون بہنا جانور کے لیے فائدہ مند ہے۔ خون کچھ دیر رِسنے دیں اور پھر متاثرہ حصے سے کچھ اُوپر خون روکنے کے لیے پٹّی باندھ دیں۔ سانپ کے زہر کے ردِّعمل کے خلاف دوا استعمال کریں اور زخم کا علاج کریں۔

6- کتے کے کاٹنے کی صورت میں زخم کو صابن اور زیادہ پانی سے دھویں اور ڈاکٹر سے مشورے کے بعد ٹیکوں کا کورس کروائیں۔

7- بچھڑوں/لیلوں کی پیدائش کے وقت سانس میں دُشواری کی صورت میں مصنوعی طریقے سے سانس دیں۔ بچھڑے کو کروٹ کے بَل لٹائیں، اُس کا سینہ ہاتھوں سے دبائیں اور پھر چھوڑ دیں۔ یہی عمل دُہرائیں، جب



تک بچھڑا/ لیلا خود سانس لینا نہ شروع کر دے۔

-8 سفید دست کی صورت میں بچھڑوں کو دودھ دینا بند کر دیں، نمک ملا پانی پلائیں اور اینٹی بائیوٹک کا کورس کریں۔

## دوائی یا زہر کے منفی ردّعمل کو روکنے کے لیے ہدایات

زہریلے پودے کھانے، زہریلے کیڑوں کے کاٹنے یا دوائی کے منفی ردّعمل کو روکنے کے لیے ایٹروپین سلفیٹ کا ٹیکہ دی گئی ہدایات کے مطابق لگائیں۔ اس کے ساتھ پیشاب آور اور جلاب آور ادویات بھی دی جاتی ہیں تاکہ زہر کا اثر کم ہو جائے۔



### پیشاب آور

-1 پوٹاشیم نائیٹراس پانی میں گھول کر پلائیں۔

-2 Lasix کا ٹیکہ اندرونِ ورید یا اندرونِ عضلات لگایا جا سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| میگ سالٹ | = | 300 گرام |
| قلمی شورہ | = | 15 گرام |
| نوشادر | = | 15 گرام |

ایک خوراک پانی میں حل کر کے دیں۔

### جلاب آور

-1 میگنیشیم سلفیٹ

-2 لیکوڈ پیرافین

-3 سرسوں کا تیل

نوٹ :

-1 تمام ادویات لیبل پر تحریر شدہ ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔

-2 اِن ادویات کے ساتھ ساتھ دودھ میں دیسی گھی ڈال کر دیا جاتا ہے۔



## اوزاروں کو جراثیم سے پاک کرنا

### 1- آگ کے شعلے پر گرم کرنا

مختلف آلات جیسے ٹیکے کی سوئی اور چاقو وغیرہ کو آگ کے شعلے پر کچھ دیر کے لیے رکھا جاتا ہے تا کہ وہ جراثیم سے پاک ہو جائیں۔ اس کے علاوہ دیگچی میں پانی ڈال کر اوزار بھگو کر آگ پر گرم کریں۔

### 2- اُبالنا

اُبلتے ہوئے پانی میں اوزار ڈالنے سے جراثیم ختم ہو جاتے ہیں۔

### 3- کیمیائی اجزا کا استعمال

اتھائلین آکسائیڈ۔ یہ تمام بڑے اور اکثر چھوٹے جراثیموں کا خاتمہ کر دیتا ہے۔

الکحل، آیوڈین، فینول۔ ان میں برتن اور آلات کو ڈبونے سے جراثیموں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## گھریلو سطح پر ادویات کا اندازاً وزن کرنا

| | | |
|---|---|---|
| -1 | چائے کا ایک چمچ | 4 گرام پاؤڈر |
| -2 | چاول کھانے کا ایک چمچ | 15 ملی لِٹر یا $1/2$ اونس |
| -3 | 15 قطرے | 1 ملی لِٹر |
| -4 | سپرٹ اور ٹنکچر وغیرہ کے لیے 55-60 قطرے | 1 گرام |
| -5 | تیل جیسی اشیاء کے لیے 25 قطرے | 1 گرام |
| -6 | پانی جیسی دوسری ادویات عام ڈراپر سے 20 قطرے | 1 گرام |
| -7 | ایک چٹکی | مٹر کے دانے کے برابر |
| -8 | چاقو کا اگلا سرا | لوبیا کے دانے کے برابر |

# اہم نکات

# بہتر تربیت، اعلیٰ ہنر اور آپ کی محنت
# دے بہترین سہولیات اور خوشحالی کی ضمانت

## تربیت کے فوائد اور مقاصد

- منتخب پراجیکٹ ایریا میں تربیت یافتہ دیہی خواتین کی بروقت اور بہتر بنیادی ایکسٹینشن خدمات جیسے دواؤں کی فروخت و یکسنیشن، بنیادی علاج معالجہ کے ذریعے مویشیوں کی صحت، پیداوار اور افزائش کو بہتر بنانا۔
- پراجیکٹ ایریا میں اچھے دودھ کی پیداوار میں مناسب حد تک اضافہ
- دیہی خواتین کو تکنیکی تربیت کے ذریعے مویشی بانی، ونڈا فروخت کرنا، دودھ اکٹھا کرنا، مرغبانی اور ڈیری سے متعلق دیگر چھوٹے کاروبار کرنے کے طریقے سکھانا تاکہ انہیں معاشی اعتبار سے خود مختار بنایا جا سکے۔
- لائیوسٹاک و ڈیری سیکٹر کی ترقی کے ذریعے گھرانوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور دیہی سطح پر مجموعی ترقی و خوشحالی میں اضافہ

**DRDF Dairy Project Office (PMU)**
**Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,**
**The Mall of Lahore, Cantt Lahore.**
**PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344**
**www.dairyproject.org**
**info@dairyproject.org**

Designed & Printed by GENERA 042 37586064